ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز 34)

بہاول پور: پولیس کی مختلف کارروائیاں، مجرمان اشتہاریوں سمیت متعدد ملزمان گرفتار، منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد، مقدمات درج

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((35

15-01-2022

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی کھلی کچہری، 22 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے، انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو آن کال لیکر شہریوں کے سامنے درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلاتاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے، ڈی پی او محمد فیصل کامران

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد فیصل کامران کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری، 22 شہریوں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں آخری شہری تک سب کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو آن کال لیتے ہوئے کارروائی اور درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم میں واپسی رپورٹ بھجوانے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میری اولین ترجیح ہے تاکہ دوردراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جاسکے۔ ڈی پی او نے دوران کال افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیا جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے، عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی جانب سے اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا سلسلہ جاری۔